اِسْتَخْلِفْهُ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفْتَ الَّذِيْنَ

اور اپنی زمین پر ان کو اسی طرح خلیفہ بنا جس طرح سے ان لوگوں کو خلیفہ بنایا

مِنْ قَبْلِهٖ مَكِّنْ لَهٗ دِيْنَهُ الَّذِي

تھا کہ جو ان سے قبل گزر چکے (جیسے داؤد و سلیمان وغیرہ) اور انکو اس دین میں کہ جو

ارْتَضَيْتَهٗ لَهٗ اَبْدِلْهُ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهٖ

تو نے ان کے لیے پسند کیا ہے پھیلانے اور ظاہر بظاہر عمل کرنے کی قدرت

اَمْنًا يَعْبُدُكَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْئًا اَللّٰهُمَّ

عنایت فرما اور خوف و دہشت کے بدلے میں امن و اطمینان عطا فرما کہ وہ تیری بالاعلان

اَعِزَّهٗ وَاَعْزِزْ بِهٖ وَانْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهٖ

کھل کر بلا شرکت غیرے عبادت کر سکیں ۔ خداوندا! حضرت حجت علیہ السلام کو عزت و اقتدار ظاہر

وَانْصُرْهُ نَصْرًا عَزِيْزًا وَافْتَحْ لَهٗ فَتْحًا يَسِيْرًا

بھی عطا فرما اور انکو باعث عزت قرار دے اور انکی نصرت و مدد فرما اور سبب نصرت قرار دے

وَاجْعَلْ لَهٗ مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيْرًا ۔

اور انکو زبردست کامیابی عنایت فرما اور فتح و کامیابی عطا فرما آسانی کیساتھ اور ان کیلئے اپنی

اَللّٰهُمَّ اَظْهِرْ بِهٖ دِيْنَكَ وَسُنَّةَ نَبِيِّكَ

طرف سے ایسا غلبہ دیدے جو فیروزی و کامرانی کا سبب ہو ۔ خداوندا! ان کے ذریعہ سے اپنے دین اور نبی کی سنت

حَتّٰى لَا يَسْتَخْفِيَ بِشَيْءٍ مِّنَ الْحَقِّ مَخَافَةَ اَحَدٍ

کو مضبوط کر تاکہ کسی کے خوف سے حق بات کو "تقیہ" چھپانے کی ضرورت نہ رہے ۔

مِّنَ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِي

خداوندا! ہم تجھ سے ایسی عہد حکومت کا سوال کرتے ہیں کہ جس کے

دَوْلَةٍ كَرِيْمَةٍ تُعِزُّ بِهَا الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهٗ

باعث اسلام اور اہل اسلام کو عزت عطا کر

وَتُذِلُّ بِهَا النِّفَاقَ وَاَهْلَهٗ وَتَجْعَلُنَا فِيْهَا

اور نفاق و اہل نفاق کو اسکے باعث ذلت و رسوائی دے اور ہم کو قرار دے

Presented by www.ziaraat.com

مِنَ الدُّعَاةِ اِلٰى طَاعَتِكَ وَالْقَادَةِ اِلٰى

اس عہدِ حکومت میں اپنی اطاعت کی طرف لوگوں کو دعوت دینے والوں میں سے اور

سَبِيْلِكَ وَتَرْزُقُنَا بِهَا كَرَامَةَ الدُّنْيَا

اپنی راہ دکھانے والوں میں سے اور اس حکومت و سلطنت کے ذریعہ سے تو ہم کو دنیا

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ مَا عَرَّفْتَنَا مِنَ الْحَقِّ

اور آخرت کی عزت عطا فرما۔ خداوندا! جتنا تو نے ہمکو حق سے آگاہ کر دیا ہے اتنے کی

فَحَمِّلْنَاهُ وَمَا قَصُرْنَا عَنْهُ فَبَلِّغْنَاهُ

قوتِ برداشت بھی عنایت فرما اور جس سے ہم کوتاہ ہیں اس تک ہمکو پہونچا دے۔

اَللّٰهُمَّ الْمُمْ بِهٖ شَعْثَنَا وَاشْعَبْ بِهٖ

خداوندا! ان کے (قائم آلِ محمدؑ کے) ذریعہ سے ہماری شیرازہ بندی فرما دے اور ہمارے رخنوں

صَدْعَنَا وَارْتُقْ بِهٖ فَتْقَنَا وَكَثِّرْ بِهٖ

کو بھر دے ہم میں پڑنے والے شگافوں کو پُر کر دے۔ قلت کو ان کے باعث کثرت

قِلَّتَنَا وَاَعْزِزْ بِهٖ ذِلَّتَنَا وَاَغْنِ بِهٖ عَائِلَنَا

سے اور ذلت کو عزت سے بدل دے۔ اور ہمارے کثیر العیال مفلس لوگوں کو

وَاقْضِ بِهٖ عَنْ مَغْرَمِنَا وَاجْبُرْ بِهٖ فَقْرَنَا

انکے واسطے سے تونگر فرما دے اور ہمارے قرضوں کو ادا کرا دے اور ہماری غربت و محتاجی

وَسُدَّ بِهٖ خَلَّتَنَا وَيَسِّرْ بِهٖ عُسْرَنَا وَبَيِّضْ

انکے صدقہ میں دور کر دے انکے طفیل ہماری مشکلوں کو آسان کر دے اور روشن کر دے

بِهٖ وُجُوْهَنَا وَفُكَّ بِهٖ اَسْرَنَا وَاَنْجِحْ بِهٖ

سرخروئی کے ساتھ ہمارے چہروں کو اور غلامی کو دور کر دے اور ہمیں اپنے مقاصد میں کامیاب فرما

طَلِبَتَنَا وَاَنْجِزْ بِهٖ مَوَاعِيْدَنَا وَاسْتَجِبْ

اور پورا کر ان کے ذریعہ سے ہمارے وعدوں کو اور انکی وجہ سے ہماری دعاؤں کو

بِهٖ دَعْوَتَنَا وَاَعْطِنَا بِهٖ سُؤْلَنَا وَبَلِّغْنَا بِهٖ

قبول فرما اور انکے صدقے میں ہمارا سوال پورا کر اور ہم کو دنیا و آخرت میں ہماری

مِنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اٰمَالَنَا وَاَعْطِنَا بِهٖ

آرزوؤں تک پہونچا دے۔ اور ہمکو ہمارے حوصلے سے زیادہ

فَوْقَ رَغْبَتِنَا يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَاَوْسَعَ

عطا کر۔ اے وہ بہترین ہستی کہ جس سے سوال کیا جائے اور اے سب سے

الْمُعْطِيْنَ اِشْفِ بِهٖ صُدُوْرَنَا وَاَذْهِبْ

زیادہ دینے والے اُنکے وسیلہ سے ہمارے دلوں کو راحت دے اور اُنکے طفیل میں ہم

بِهٖ غَيْظَ قُلُوْبِنَا وَاهْدِنَا بِهٖ لِمَا اخْتُلِفَ

سب کے رنج و غم کو دور کر دے اور ہم لوگوں کو اختلافی باتوں میں راہِ حق کی ہدایت کر دے

فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ

یقیناً تو ہی اپنے حکم سے جسکو چاہتا ہے سیدھی راہ کی

تَشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَانْصُرْنَا بِهٖ عَلٰى

طرف ہدایت کرتا ہے۔ اور ہماری مدد کر ان کے وسیلہ سے

Presented by www.ziaraat.com

عَدُوِّكَ وَعَدُوِّنَا اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

اپنے دشمنوں اور ہمارے دشمنوں کے خلاف ۔ اے خدائے برحق ہماری دعاؤں کو قبول فرما۔

اِنَّا نَشْكُوْ اِلَيْكَ فَقْدَ نَبِيِّنَا صَلَوٰتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

خداوندا ! ہم شکایت کرتے ہیں تیری طرف اپنے نبی کے موجود نہ ہونے کی تیری رحمت ہو ان پر اور

وَغَيْبَةَ وَلِيِّنَا وَكَثْرَةَ عَدُوِّنَا وَقِلَّةَ عَدَدِنَا وَ

انکی آل پر ۔ اور اپنے امام زمانہ کے غائب ہونے کی اور اپنے دشمنوں کی زیادتی تعداد

شِدَّةَ الْفِتَنِ بِنَا وَتَظَاهُرَ الزَّمَانِ عَلَيْنَا فَصَلِّ عَلٰى

کی اور اپنی تعداد میں قلت کی اور ہم پر ہر زمانہ کے فتنوں کی زیادتی ہمارے خلاف سارے زمانہ کے

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَعِنَّا عَلٰى ذٰلِكَ بِفَتْحٍ مِّنْكَ

متحد ہونے کی ۔ پس درود بھیج محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر اور ہماری مدد کر

تُعَجِّلُهٗ وَبِضُرٍّ تَكْشِفُهٗ وَنَصْرٍ تُعِزُّهٗ وَسُلْطَانِ

ان مشکلات کے خلاف جلد فتح و ظفر دے کر اور مصیبت دور کر کے اور ایسی کامیابی دے کر جسکو

حَقٍّ تُظْهِرُهٗ وَرَحْمَةٍ مِّنْكَ تُجَلِّلُنَاهَا وَ

تونے عزت دی اور حقیقی بادشاہ کو ظاہر کر کے اور اپنی ایسی رحمت کے ساتھ

عَافِيَةٍ مِّنْكَ تُلْبِسُنَاهَا بِرَحْمَتِكَ

جیسے تو بزرگ فرمائے اور اس نجات و سلامتی کے ساتھ جس کا لباس تو ہمیں پہنائے یہ تمام باتیں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

خاص اپنی رحمت سے عطا فرمائے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالے ۔

ہر شب کی الگ الگ مخصوص دُعائیں

”دُعائے داخلۂ رمضان از رسولِ خدا“

حضرت صادقِ آلِ محمدؑ سے منقول ہے کہ سرورِ کائنات شبِ اوّل رمضان یہ دعا پڑھتے تھے اور اس دُعا کا پڑھنا روزِ اوّل بھی مستحب ہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ قَدْ دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَللّٰهُمَّ

بارِ الٰہا ! یہ ماہِ رمضان ہے جو آگیا ہے اے خداوند

رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ

اے پروردگار ماہِ رمضان کے جس میں تو نے قرآن نازل کیا

وَجَعَلْتَهٗ بَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ

اور قرار دیا اسکو ہدایت کی واضح نشانی اور حق و باطل میں فرق کرنیوالا۔

فَبَارِكْ لَنَا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ

خداوندا ! پس تو ماہِ رمضان میں ہمیں برکت عطا فرما اور ہماری مدد فرما کہ ہم روزے

وَصَلٰوتِهٖ وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا

رکھیں اور نماز پڑھیں اور ہمارے اعمال کو قبول فرما ۔

Presented by www.ziaraat.com

دُعائے شبِ اوّل

بسندِ معتبر کتاب اقبال میں مروی ہے کہ یہ دعا حضرت امام محمد تقی علیہ السّلام شبِ اوّل بعد نمازِ مغرب ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند فرما کے پڑھتے تھے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ يَّمْلِكُ التَّدْبِيْرَ وَهُوَ عَلٰى

بارِ الٰہا! اے نظم و تدبیر کے مالک اور وہ ہر چیز پر قدرت

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا مَنْ يَّعْلَمُ خَائِنَةَ

رکھنے والا ہے - اے آنکھوں کی خیانت اور دلوں کے

الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ وَتُجِنُّ الضَّمِيْرُ

پوشیدہ بھیدوں اور مافی الضمیر (جو ضمیر میں ہے) کو

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ

جاننے والے اور وہ تو باریک بیں اور خبردار ہے - بارِ الٰہا! تو ہمکو ان لوگوں میں سے

نَوٰى فَعَمِلَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنْ شَقِيَ فَكَسِلَ

قرار دے جو نیک عمل کی نیت کرتے ہیں اور کر گزرتے ہیں اور ان لوگوں میں نہ قرار دے

وَلَا مِمَّنْ هُوَ عَلٰى غَيْرِ عَمَلٍ يَّتَّكِلُ اَللّٰهُمَّ

جو اپنی شقاوت و بدبختی کی بنا پر عملِ خیر میں سستی کریں اور نہ ان لوگوں میں سے قرار دینا کہ جو عمل

صَحِّحْ اَبْدَانَنَا مِنَ الْعِلَلِ وَاَعِنَّا عَلٰى مَا

کیے بغیر سہارا لگاتے ہوں - خداوندا! ہمارے جسموں کو بیماریوں سے صحیح و سالم رکھ اور جو فریضے تو

افْتَرَضْتَ عَلَيْنَا مِنَ الْعَمَلِ حَتّٰى يَنْقَضِيَ

نے ہم پر واجب قرار دیے ہیں ان کی بجاآوری پر ہماری اعانت فرما یہاں تک کہ تیرا ماہ رمضان ہم سے

عَنَّا شَهْرُكَ هٰذَا وَقَدْ اَدَّيْنَا مَفْرُوْضَكَ

اسطرح گزرے کہ ہم تیرے تمام فریضوں کی ادائیگی سے اسمیں سبکدوش ہو چکے

فِيْهِ عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ وَ

ہوں - بارِ الٰہا! ماہِ رمضان کے روزے رکھنے اور نمازوں میں

وَفِّقْنَا لِقِيَامِهٖ وَنَشِّطْنَا فِيْهِ لِلصَّلٰوةِ وَلَا

قیام کی توفیق و اعانت فرما اور اس مہینہ میں ہمکو بخوشی نماز پڑھنے پر متوجہ کر

تَحْجُبْنَا مِنَ الْقِرَائَةِ وَسَهِّلْ لَنَا فِيْهِ

اور تلاوتِ قرآن سے باز نہ رکھ اور ہمارے لیے زکوٰۃ کی ادائیگی کو

اِيْتَاءَ الزَّكٰوةِ اَللّٰهُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا وَصَبًا

اس مہینہ میں آسان کر دے - بارِ الٰہا! ہم پر کسی مصیبت، تھکن، بیماری اور

وَلَا تَعَبًا وَّلَا سَقَمًا وَّلَا عَطَبًا اَللّٰهُمَّ

ہلاکت کو نہ مسلط کرنا - بارِ الٰہا!

ارْزُقْنَا الْاِفْطَارَ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ

ہم کو اپنی حلال روزی افطار کے لیے عنایت فرما

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ لَنَا فِيْهِ مَا قَسَمْتَهُ مِنْ رِزْقِكَ

بارِ الٰہا! جو تو نے اس ماہ میں تقسیم رزق فرمائی ہے اور جو امور

وَيَسِّرْ مَا قَدَّرْتَهُ مِنْ اَمْرِكَ وَاجْعَلْهُ

تو نے مقدر کیے ہیں ان کو ہمارے لیے سہل و آسان کر دے اور اس روزی

حَلَالًا طَيِّبًا نَقِيًّا مِنَ الْاٰثَامِ خَالِصًا مِنَ

کو ہمارے لیے جائز و پاکیزہ اور گناہوں، جرموں، حرامکاریوں سے

الْاَصَارِ وَالْاَجْرَامِ اَللّٰهُمَّ لَا تُطْعِمْنَا اِلَّا

صاف اور ستھری قرار دے۔ بارِ الٰہا! ہم کو سوائے پاک و پاکیزہ غذا کے

طَيِّبًا غَيْرَ خَبِيْثٍ وَلَا حَرَامٍ وَاجْعَلْ رِزْقَكَ

خراب و حرام نہ کھلا اور ہمارے لیے اپنی روزی کو ایسی حلال قرار

لَنَا حَلَالًا لَا يَشُوْبُهُ دَنَسٌ وَلَا اَسْقَامٌ

دے کہ جس میں کسی قسم کی بیماری اور نجاست کی ملاوٹ نہ ہو

يَا مَنْ عِلْمُهُ بِالسِّرِّ كَعِلْمِهِ بِالْاِعْلَانِ يَا

اے وہ خدا کہ جو ظاہر اور اعلانیہ باتوں کی طرح پوشیدہ باتوں کو بھی جانتا ہے

مُتَفَضِّلًا عَلٰى عِبَادِهِ بِالْاِحْسَانِ يَا مَنْ هُوَ

اے اپنے بندوں پر فضل اور احسان کرنے والے اے وہ جو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِكُلِّ شَيْءٍ

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور ہر شے سے

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ اَلْهِمْنَا ذِكْرَكَ وَجَنِّبْنَا عُسْرَكَ

باخبر اور ہر چیز کو جاننے والے تو اپنی یاد کو ہمارے دل میں ڈال دے اور

وَاَنِلْنَا يُسْرَكَ وَاهْدِنَا لِلرَّشَادِ وَوَفِّقْنَا

ہمیں (ہماری طرف کی) تنگی سے بچا لے اور اپنی بخشی ہوئی آسانی ہمیں عطا فرما

لِلسَّدَادِ وَاعْصِمْنَا مِنَ الْبَلَايَا وَصُنَّا

اور ہمیں سیدھا راستہ دکھا دے اور ہم صحیح بات پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرما

مِنَ الْاَوْزَارِ وَالْخَطَايَا يَا مَنْ لَا يَغْفِرُ عَظِيْمَ

اور ہمکو بلاؤں سے محفوظ رکھ اور ہمکو خطاؤں اور گناہوں سے بچائے رکھ۔ اے وہ

الذُّنُوْبِ غَيْرُهُ وَلَا يَكْشِفُ السُّوْءَ اِلَّا هُوَ

خدا کہ جس کے سوا کوئی گناہانِ کبیرہ بخش نہیں سکتا اور اسکے سوا کوئی اور برائیوں کو دور نہیں کر

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

سکتا۔ اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم اور بزرگوں میں سب سے زیادہ بزرگ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ

رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور ان کی پاکیزہ آل پر

وَاجْعَلْ صِيَامَنَا مَقْبُوْلًا وَبِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى

اور ہمارے روزوں کو نیکی اور تقویٰ و پرہیزگاری سے متصل اور اپنی بارگاہ

مَوْصُوْلًا وَكَذٰلِكَ فَاجْعَلْ سَعْيَنَا مَشْكُوْرًا

میں مقبول قرار دے اور اسی طرح ہماری سعی عمل کو مشکور

Presented by www.ziaraat.com

وَقِيَامَنَا مَبْرُوْرًا وَقِرَائَتَنَا مَرْفُوْعًا وَدُعَائَنَا

اور ہمارے قیام نماز کو مقبول اور ہماری تلاوتِ قرآن کو بلند پایہ کی اور ہماری دعا کو مستجاب

مَسْمُوْعًا وَاهْدِنَا لِلْحُسْنٰى وَجَنِّبْنَا الْعُسْرٰى

قرار دے اور ہمکو نیکیوں کی ہدایت فرما اور ہم کو تنگیوں سے بچا اور

وَيَسِّرْنَا لِلْيُسْرٰى وَاَعْلِ لَنَا الدَّرَجَاتِ وَ

آسان کردے ہمارے لیے آسانیاں اور بلند کردے ہمارے مرتبوں کو اور

ضَاعِفْ لَنَا الْحَسَنَاتِ وَاقْبَلْ مِنَّا الصَّوْمَ

بڑھادے ہماری نیکیوں کو اور ہمارے نماز اور روزے

وَالصَّلٰوةَ وَاسْمَعْ مِنَّا الدَّعَوَاتِ وَاغْفِرْ لَنَا

کو قبول کرے اور ہماری دعا کو مستجاب کرے اور ہماری خطاؤں کو

الْخَطِيْئَاتِ وَتَجَاوَزْ عَنَّا السَّيِّئَاتِ وَاجْعَلْنَا

بخشدے اور ہماری لغزشوں سے اور برائیوں سے ہم کو درگزر فرما

مِنَ الْعَامِلِيْنَ الْفَائِزِيْنَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ

اور قرار دے ہمیں کامیاب عمل کرنے والوں میں اور نہ قرار دے انہیں جن پر

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ حَتّٰى

(انکے اعمالِ قبیحہ کے باعث) تیرا غیظ و غضب نازل ہوچکا ہے اور جو گمراہ ہیں یہاں تک کہ

يَنْقَضِيَ شَهْرُ رَمَضَانَ عَنَّا وَقَدْ قَبِلْتَ

ماہِ رمضان ہم سے یوں گزر جائے کہ اسمیں ہمارے روزوں اور نمازوں کو تو قبول کرچکا ہو۔

فِيْهِ صِيَامَنَا وَقِيَامَنَا وَزَكَّيْتَ فِيْهِ اَعْمَالَنَا

اور ہمارے نیک اعمال کو تو پاکیزہ کرچکا ہو

وَغَفَرْتَ فِيْهِ ذُنُوْبَنَا وَاَجْزَلْتَ فِيْهِ مِنْ

اور ہمارے گناہوں کو تو معاف کرچکا ہو اور ہر بہتری کا ہمارے نصیب میں

كُلِّ خَيْرٍ نَصِيْبَنَا فَاِنَّكَ الْاِلٰهُ الْمُجِيْبُ

اضافہ کرچکا ہو یقیناً تو وہی خدا ہے کہ جو دعاؤں کو

وَالرَّبُّ الْقَرِيْبُ وَاَنْتَ بِكُلِّ شَيْءٍ مُحِيْطٌ

مستجاب کرنیوالا ہے اور بہت نزدیک پرورش کرنیوالا ہے اور تو ہر چیز پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔

دُعائے شبِ اوّل

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلی شب میں یہ دُعا پڑھتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَكْرَمَنِيْ بِكَ اَيُّهَا

حمد ہے اس اللہ کیلئے کہ جس نے مجھے بزرگی عطا کی اے برکت والے

الشَّهْرُ الْمُبَارَكُ اَللّٰهُمَّ فَقَوِّنَا عَلٰى

ماہِ رمضان تیرے سبب سے۔ لہٰذا الہٰا! پس تو مجھے توفیق بھی عطا فرما

Presented by www.ziaraat.com

صِيَامَنَا وَقِيَامَنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

روزے رکھنے اور نماز پڑھنے کیلئے اور ہم کو ثباتِ قدم عطا فرما اور گروہِ کفار کے مقابلہ پر

عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ

ہمکو کامیابی عطا فرما۔ بارِ الٰہا! تو ایک ہی ہے

فَلَا وَلَدَ لَكَ وَاَنْتَ الصَّمَدُ فَلَا شَبِيْهَ

پس تیرے کوئی اولاد نہیں ہے اور تو بے نیاز ہے پس تیرا کوئی مثل و نظیر نہیں ہے

لَكَ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ فَلَا يُعِزُّكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ

اور تو تو ایسا با عزت اور زبردست ہے کہ تجھے کسی سے عزت حاصل نہیں ہوتی اور

الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ وَاَنْتَ الْمَوْلٰى وَاَنَا الْعَبْدُ

تو ہی غنی ہے اور میں فقیر و محتاج ہوں اور تو ہی آقا ہے اور میں تو ایک عبدِ ناچیز ہوں

وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ وَاَنْتَ الرَّحِيْمُ

اور تو ہی معاف کرنیوالا ہے اور میں گناہگار ہوں اور تو ہی رحم کرنیوالا ہے

وَاَنَا الْمُخْطِئُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ

اور میں خطاکار ہوں اور تو ہی پیدا کرنیوالا ہے اور میں پیدا کیا ہوا ہوں

وَاَنْتَ الْحَيُّ وَاَنَا الْمَيِّتُ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ

اور تو ہی زندہ رہنے والا ہے اور میں تو مرجانیوالا ہوں۔ میں تجھ سے تیری رحمت کا واسطہ

اَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَتَجَاوَزَ عَنِّيْ اِنَّكَ

دیکر سوال کرتا ہوں کہ مجھے معاف فرمادے اور مجھ پر رحم فرما میرے گناہوں سے درگزر فرما

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

دُعائے داخلۂ رمضانؑ

امام زین العابدین علیہ السّلام شبِ اوّل ماہِ رمضان جو دُعا پڑھتے تھے وہ صحیفۂ کاملہ میں چوالیسویں دُعا ہے اس کی تلاوت ثوابِ عظیم رکھتی ہے جس مومن کو توفیق ہو وہ صحیفۂ کاملہ سے تلاوت فرمائیں:

دوسری شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَاِلٰهَ مَنْ

اے اوّلین و آخرین کے خدا اے موجود رہنے والوں کے خدا اور

بَقِيَ وَاِلٰهَ مَنْ مَضٰى رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

اے گذر جانیوالوں کے خدا اے ساتوں آسمانوں کے خدا

وَمَنْ فِيْهِنَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ

اور ان میں بسنے والوں کے خدا - اے صبح کی پو پھاڑنے والے - اے رات کو

Presented by www.ziaraat.com

سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا لَكَ الْحَمْدُ

باعثِ سکون قرار دینے والے ۔ اور اے سورج اور چاند کو اوقات شماری

وَلَكَ الشُّكْرُ وَلَكَ الْمَنُّ وَلَكَ الطَّوْلُ وَ

کا ذریعہ بنانیوالے تیرے ہی لیے حمد ہے اور تیرے ہی لیے شکر ہے اور تو ہی کرم و احسان

أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ أَسْأَلُكَ

کا مالک ہے طاقتور و قوت والا ہے اور تو ہی ایک اکیلا بے نیاز و بے عیب ہے ۔ اے

بِجَلَالِكَ سَيِّدِي وَجَمَالِكَ مَوْلَايَ أَنْ

میرے آقا اور مولیٰ میں تجھ سے تیری بزرگی اور تیرے کمال حسن صفات کے وسیلہ

تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَغْفِرَ لِي

سے سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور میرے گناہوں

وَتَرْحَمَنِي وَتَجَاوَزَ عَنِّي إِنَّكَ الْغَفُورُ

کو بخشدے اور مجھ پر رحم کر اور مجھ کو میری خطاؤں سے درگزر فرما یقیناً تو تو بخشنے

الرَّحِيمُ ۔

والا اور رحم کرنے والا ہے

تیسری شب کی دُعا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

يَا إِلٰهَ إِبْرَاهِيمَ وَإِلٰهَ إِسْحَاقَ وَإِلٰهَ يَعْقُوبَ

اے ابراہیم کے خدا اور اے اسحاق کے خدا اور اے یعقوب کے خدا

وَالْأَسْبَاطِ رَبَّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ السَّمِيعُ

اور ان کے اسباط کے خدا ۔ اے ملائکہ اور روح القدس کے پروردگار ، اے سننے والے

الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ الْكَرِيمُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

اے جاننے والے ، اے حکمت والے ۔ اے کرم کرنیوالے اے بزرگ و برتر

لَكَ صُمْتُ وَعَلَى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ وَإِلَى

میں نے تیرا ہی روزہ رکھا اور تیری ہی دی ہوئی روزی سے افطار کیا اور تیرے ہی

كَنَفِكَ أَوَيْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَإِلَيْكَ

حفظ و امان میں پناہ گزیں ہو گیا اور تیری بارگاہ میں میں نے رجوع کیا ، اور تیری

الْمَصِيرُ وَأَنْتَ الرَّؤُوفُ الرَّحِيمُ قَوِّنِي

ہی طرف بازگشت ہے اور تو ہی مہربان رحیم ہے مجھ کو

عَلَى الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ

نماز اور روزے کی طاقت دے اور بروزِ قیامت مجھے رسوا نہ کرنا

الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۔

بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ۔

Presented by www.ziaraat.com

چوتھی شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا وَ

اے دنیا و آخرت کے مہربان اے دونوں میں رحم کرنیوالے اور

یَا جَبَّارَ الدُّنْیَا وَمَالِکَ الْمُلُوْکِ یَا رَازِقَ

وہ جسکے لیے دنیا میں کبریائی زیبا ہے اور اے تمام بادشاہوں کے بادشاہ اور اے

الْعِبَادِ وَھٰذَا شَھْرُ التَّوْبَۃِ وَھٰذَا شَھْرُ

بندوں کو روزی دینے والے یہ توبہ کا مہینہ ہے۔ یہ تو ثواب کا مہینہ ہے

الثَّوَابِ وَھٰذَا شَھْرُ الرَّجَاءِ وَاَنْتَ السَّمِیْعُ

یہ تو امیدوں کا مہینہ ہے اور تو تو خود ہی سننے والا ہے

الْعَلِیْمُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ فِیْ عِبَادِکَ

(بارِ الٰہا!) میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ کو اپنے ان نیکوکار بندوں میں

الصَّالِحِیْنَ الَّذِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَاھُمْ

سے قرار دے کہ جن کے لیے نہ تو خوف ہے اور نہ وہ

یَحْزَنُوْنَ وَاَنْ تَسْتُرَنِیْ بِالسِّتْرِ الَّذِیْ لَا

رنجیدہ ہوں گے اور میری ایسی پردہ پوشی فرما جس کے بعد

یُھْتِکُ وَتُجَلِّلَنِیْ بِعَافِیَتِکَ الَّتِیْ لَاتُرَامُ

(میرے عیوب) ظاہر نہ ہوں اور اپنی عافیت کے ذریعہ سے مجھے ایسی بزرگی عنایت فرما

وَتُعْطِیَنِیْ سُؤْلِیْ وَتُدْخِلَنِیَ الْجَنَّۃَ بِرَحْمَتِکَ

جسکا تصور نہ کیا جاسکے۔ میری تمام حاجتیں پوری فرما اور اپنی رحمت کے طفیل مجھ

وَاَنْ لَاتَدَعَ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا

جنت میں داخل کر اور میرے ہر گناہ کو بخش دے اور ہر رنج کو دور کر دے ہر پیچیدگی

اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَکُرْبَۃً اِلَّا کَشَفْتَھَا وَلَا حَاجَۃً

کو زائل فرما اور کوئی بھی حاجت پوری ہونے سے رہ نہ جائے۔

اِلَّا قَضَیْتَھَا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تجھے محمدؐ و آلِ محمدؐ کا واسطہ

اِنَّکَ اَنْتَ الْاَجَلُّ الْاَعْظَمُ ٥

بیشک تو ہی سب سے برتر و اعظم ہے۔

پانچویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ خَیْرِ

خداوندا! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ناموں کے وسیلہ سے جو بہترین

Presented by www.ziaraat.com

الْاَسْمَآءِ الَّتِیْ تُنْزِلُ بِهَا الشِّفَآءَ وَتَکْشِفُ

نام ہیں وہ نام ہیں کہ جنکے ذریعہ سے تو شفا نازل کرتا ہے اور بیماریوں

بِهَا الْاَدْوَآءَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

کو دور کرتا ہے کہ حضرت محمد اور آلِ محمد

مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُنَزِّلَ مِنْکَ عَافِیَةً وَّشِفَآءً

علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور مجھے عافیت اور شفا عطا فرما اور

وَتَدْفَعَ عَنِّیْ بِاِسْمِکَ کُلَّ سُقْمٍ وَّبَلَآءٍ

اپنے نام کے وسیلہ سے ہر قسم کی بیماری اور بلا کو مجھ سے دور کردے

وَتَتَقَبَّلَ صَوْمِیْ وَتَجْعَلَنِیْ مِمَّنْ صَامَ وَقَامَ

اور میرے روزے قبول فرما اور قرار دے مجھکو ان لوگوں میں سے کہ جنہوں

وَرَضِیْتَ عَمَلَهٗ وَتَجْعَلَنِیْ مِمَّنْ صَامَتْ

نے روزہ رکھا اور نماز پڑھی اور اُن کے عمل سے تو راضی ہوا اور قرار دے مجھ کو ان

جَوَارِحُهٗ وَحَفِظَ لِسَانَهٗ وَفَرْجَهٗ وَتَرْزُقَنِیْ

لوگوں میں سے کہ جنکے تمام اعضا و جوارح نے روزہ رکھا ہو اور جنہوں نے

عَمَلًا تَرْضٰهُ وَتَمُنَّ عَلَیَّ بِالصَّمْتِ وَالسَّکِیْنَةِ

اپنی زبان کو بدگوئی سے اور اپنی شرمگاہوں کو گناہوں سے محفوظ رکھا ہو اور مجھے ایسے اعمال کی توفیق دے کہ

وَوَرَعًا یَّحْجُزُنِیْ عَنْ مَعْصِیَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

جسکو تو پسند کرے اور احسان کر مجھ پر بے محل گفتگو سے بچا کر اور سکون و اطمینان اور پرہیزگاری عطا فرما جو گناہوں سے باز رکھے اے سب سے زیادہ

چھٹی شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَاَنْتَ الْوَاحِدُ

خداوندا! تو سننے والا، جاننے والا ہے اور تو ہی اکیلا (واحد)

الْکَرِیْمُ وَاَنْتَ الْاِلٰهُ الصَّمَدُ رَفَعْتَ

بزرگ ہے۔ اور تو ہی بے نیاز خدا ہے۔ بلند کیا تو نے

السَّمٰوٰتِ بِقُدْرَتِکَ وَدَحَوْتَ الْاَرْضَ

آسمانوں کو اپنی قدرت سے اور تو نے زمین کا فرش بچھایا

بِعِزَّتِکَ وَاَنْشَأْتَ السَّحَابَ بِوَحْدَانِیَّتِکَ

اپنی عزت سے۔ اور تو نے ہی اپنی وحدانیت سے بادلوں کو پیدا کیا۔

وَاَجْرَیْتَ الْبِحَارَ بِسُلْطَانِکَ یَا مَنْ

اور تو نے ہی اپنی طاقت و قوت سے دریاؤں کو جاری کیا۔ اے وہ کہ جسکی

سَبَّحَتْ لَهُ الْحِیْتَانُ فِی الْبُحُوْرِ وَالسِّبَاعُ

تسبیح میں سمندروں کی مچھلیاں اور جنگلوں کے درندے مصروف ہیں

فِی الْفَلَوَاتِ یَا مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ خَافِیَةٌ

اے وہ جس سے کوئی بھی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے

Presented by www.ziaraat.com

فِي السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِيْنَ السُّفْلٰى

کہ جو ساتوں آسمانوں میں ہو یا پست زمینوں میں پوشیدہ ہو

يَا مَنْ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَمَنْ فِيْهِنَّ

اے وہ کہ جسکی تمام آسمان اور جو کچھ اس میں ہے

وَالْاَرَضُوْنَ السَّبْعُ وَمَنْ فِيْهِنَّ يَا مَنْ

اور ساتوں زمینیں اور جو کچھ بھی ان میں ہے اس کی تسبیح کرتے ہیں۔ اے وہ

لَا يَمُوْتُ وَلَا يَبْقٰى اِلَّا وَجْهُهُ الْجَلِيْلُ

کہ جسکے لیے موت نہیں ہے اور اسکی بزرگ و زبردست ذات کے سوائے اور کوئی بھی

الْجَبَّارُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَارْحَمْنِيْ

باقی نہیں رہے گا رحمت نازل کر حضرت محمد اور انکی آل پر اور رحم کر

وَاعْفُ عَنِّيْ اِنَّكَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ؕ

مجھ پر اور معاف کر میرے گناہ کو تو بخشنے والا اور رحیم ہے۔

ساتویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ كَرْبِ

اے فریاد کرنیوالوں کے فریاد رس اور اے دردمندوں کی بے چینی کو

الْمَكْرُوْبِيْنَ وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ

دور کرنے والے۔ اے بیچارے اور پریشان حال لوگوں کی دعا کو سننے

وَيَا كَاشِفَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ وَيَا اَرْحَمَ

والے۔ اے بڑی سے بڑی تکلیف کو دور کرنے والے اور اے رحم کرنیوالوں میں

الرَّاحِمِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاكْشِفْ

سب سے زیادہ رحیم رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میرے رنج و غم

كَرْبِيْ وَهَمِّيْ وَغَمِّيْ فَاِنَّهٗ لَا يَكْشِفُ

کو دور کر دے کیونکہ تیرے علاوہ اور کون ہے جو ان کو دور کر سکتا ہے

ذٰلِكَ غَيْرُكَ وَتَقَبَّلْ صَوْمِيْ وَاقْضِ لِيْ

اور میرے روزے کو قبول فرما اور میری حاجتوں کو پورا

حَوَائِجِيْ وَابْعَثْنِيْ عَلَى الْاِيْمَانِ بِكَ

کر دے اور مجھ کو قبر سے باایمان اُٹھانا اسطرح کہ تجھ پر ایمان رکھنے

وَالتَّصْدِيْقِ بِكِتَابِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحُبِّ

اور تیری کتاب اور تیرے رسول کی تصدیق کرنے والا ہوں اور

الْاَئِمَّةِ الْمَهْدِيِّيْنَ اُولِي الْاَمْرِ الَّذِيْنَ

ائمہؑ برحق جو اولی الامر ہیں جنکی اطاعت کا تو نے حکم دیا ہے ان سے محبت

اَمَرْتَ بِطَاعَتِهِمْ فَاِنِّيْ قَدْ رَضِيْتُ بِهِمْ

کرنیوالا ہوں۔ (پروردگارا!) پس میں اپنے آئمہؑ کی امامت سے راضی ہوں

Presented by www.ziaraat.com

أَيِمَّةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ علیہم السلام پر

وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ كُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْهِ مُحَمَّدًا

اور مجھے اس نیکی اور بہتری تک پہونچا (داخل کرلے) کہ جس تک محمدؐ و آلِ محمدؐ علیہم السلام

وَّآلَ مُحَمَّدٍ وَتَقَبَّلْ صَوْمِیْ وَصَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ

کو پہونچایا اور قبول فرما میرے روزے اور میری نماز اور میرے تمام

فِیْ هٰذَا الشَّهْرِ رَمَضَانَ الْمُفْتَرَضِ عَلَیْنَا

نیک اعمال جو میں اس مہینہ میں بجا لایا ہوں جو رمضان کا مہینہ ہے جسکے روزے ہم پر

صِیَامُهٗ وَارْزُقْنِیْ فِیْهِ مَغْفِرَتَكَ وَ

واجب ہیں اور مجھے اس مہینے میں مغفرت و رحمت عنایت

رَحْمَتَكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

فرما اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحیم ۔

آٹھویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ هٰذَا شَهْرُكَ الَّذِیْ اَمَرْتَ فِیْهِ

بارِ الٰہا! یہ تیرا ایسا مہینہ ہے کہ تو نے اسمیں اپنے بندوں کو دعا کرنیکا

عِبَادَكَ بِالدُّعَآءِ وَضَمِنْتَ لَهُمُ الْاِجَابَةَ

حکم دیا ہے اور ان سے ضمانت کی ہے تو نے اسکی قبولیت کی اور رحمت کی

وَالرَّحْمَةَ وَقُلْتَ وَاِذَا سَئَلَكَ عِبَادِیْ

اور تو نے ارشاد فرمایا ہے کہ (اے رسول) جب میرے بندے آپ سے

عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ

میرے بارے میں سوال کریں (تو کہدیجیے) میں ان کے قریب ہی ہوں

اِذَا دَعَانِ فَادْعُوْكَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ

جب انہیں سے کوئی دعا مانگتا ہے تو میں ان کی دعا کو سنتا اور قبول کرتا ہوں

وَیَا كَاشِفَ السُّوْٓءِ عَنِ الْمَكْرُوْبِیْنَ وَیَا

پس اے بے چینوں کی دعاؤں کے سننے والے اور اے پریشان حال لوگوں کی پریشانی

جَاعِلَ اللَّیْلِ سَكَنًا وَیَا مَنْ لَّا یَمُوْتُ

کو دور کرنیوالے اور اے رات کو سکون بخش بنانے والے اور اے وہ ذات جسکے لیے

اِغْفِرْ لِمَنْ یَمُوْتُ قَدَّرْتَ وَخَلَقْتَ وَ

موت نہیں ہے اسکی خطا بخشدے کہ جسکو کیلیے موت برحق ہے تو نے ہی قدرت

سَوَّیْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ اَطْعَمْتَ وَسَقَیْتَ

عطا فرمائی ہے تو نے ہی پیدا کیا ہے تو نے ہی دکھ سکھ سے درست کیا ہے پس تیرے ہی لیے

وَاٰوَیْتَ وَرَزَقْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ اَسْئَلُكَ

ہر تعریف زیبا ہے اور تو نے ہی کھلایا پلایا ہے پناہ دی اور رزق دیا ہے پس تیرے ہی لیے ہر تعریف

Presented by www.ziaraat.com

أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ فِي

زیبا ہے ۔میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما

اللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَفِي النَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى

رات کی تاریکیوں میں اور دن کے اُجالے میں ابتدا میں

وَفِي الْآخِرَةِ وَالْأُولٰى وَأَنْ تَكْفِيَنِي مَا

اور انتہا میں اور میری تمام مہمات میں میری کفایت

أَهَمَّنِي وَتَغْفِرَ لِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

فرما مجھے معاف فرما کیونکہ بس تو ہی بہت زیادہ بخشنے والا رحیم ہے

نویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

يَا سَيِّدَاهُ يَا رَبَّاهُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

اے آقا اے پروردگار اے صاحب جلالت اور بزرگی

يَا ذَا الْعَرْشِ الَّذِي لَا يَنَامُ وَيَا ذَا الْعِزِّ الَّذِي

اے وہ صاحبِ عرش کہ جسکو کبھی نیند نہیں آتی اور اے ایسی عزت کے مالک جسکا

لَا يُرَامُ يَا قَاضِيَ الْأُمُورِ يَا شَافِيَ الصُّدُورِ

قصد نہیں کیا جاسکتا اے امور کے انجام دینے والے اے بیمار دلوں کی تشفی کرنے والے

اِجْعَلْ لِي مِنْ أَمْرِي فَرَجًا وَمَخْرَجًا وَ

میرے امور میں کشادگی عطا کر اور تو اپنی امیدوں کو میرے قلب میں

اقْذِفْ رَجَاءَكَ فِي قَلْبِي حَتّٰى لَا أَرْجُوا

ڈال دے تاکہ تیرے سوا کسی اور سے میں امید نہ رکھوں

أَحَدًا سِوَاكَ عَلَيْكَ سَيِّدِي تَوَكَّلْتُ

اے میرے آقا! تجھ ہی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور

وَإِلَيْكَ مَوْلَايَ أَنَبْتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں اور تیری ہی طرف بازگشت ہے

أَسْأَلُكَ يَا إِلٰهَ الْآلِهَةِ وَيَا جَبَّارَ الْجَبَابِرَةِ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے تمام معبودوں کے معبود اور اے زبردستوں میں سب سے زیادہ

وَيَا كَبِيرَ الْأَكَابِرِ الَّذِي مَنْ تَوَكَّلَ

زبردست۔ اور اے سب بڑوں کے بڑے اے وہ کہ جو اس پر توکل کرے تو اسکی

عَلَيْهِ كَفَاهُ وَكَانَ حَسْبُهُ وَبَالِغُ أَمْرِهِ

کفایت کرتا ہے اور تیری ہی طرف رجوع کیا

عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَاكْفِنِي وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ

اور تجھ ہی سے امیدیں وابستہ ہیں۔

فَارْحَمْنِي وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ فَاغْفِرْ لِي وَلَا

بس رحم کر مجھ پر اور تیری ہی طرف بازگشت ہے پس بخش دے میرے گناہ اور نہ کرنا

Presented by www.ziaraat.com

تَسْوَدَّ وَجْهِيْ يَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ وَّتَبْيَضُّ

میرا چہرہ سیاہ نہ کرنا اُس روز کہ جب کچھ چہرے سیاہ اور کچھ چہرے

وُجُوْهٌ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اَللّٰهُمَّ

سفید ہوں گے یقیناً تو صاحبِ عزت اور حکمت والا ہے۔ خداوندا!

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْنِيْ

رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آلِ اطہار

وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

پہ اور رحم کر مجھ پر اور درگزر فرما مجھ سے یقیناً تو تو بخشنے والا اور رحیم ہے

دسویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَللّٰهُمَّ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا جَبَّارُ

خداوندا! اے سلامتی دینے والے، اے امن دینے والے، اے حفاظت کرنے والے،

يَا مُتَكَبِّرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا اَحَدُ يَا فَرْدُ

اے زبردست، اے بڑائی والے، اے یگانہ، اے بے نیاز، اے ایک، اے تنہا

يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ يَا حَلِيْمُ مَضٰى

اے بخشنے والے، اے رحم کرنے والے، اے محبت کرنے والے، یا بردبار، رخصت ہوگیا

مِنَ الشَّهْرِ الْمُبَارَكِ الثُّلُثُ وَلَسْتُ اَدْرِيْ

اس ماہِ مبارک میں سے ایک تہائی حصہ گزر گیا، مگر میں یہ نہیں جانتا کہ

سَيِّدِيْ مَا صَنَعْتَ فِيْ حَاجَتِيْ هَلْ غَفَرْتَ

اے میرے آقا آخر میری طلب حاجت کے بارے

لِيْ اِنْ اَنْتَ غَفَرْتَ لِيْ فَطُوْبٰى لِيْ وَاِنْ لَّمْ تَكُنْ غَفَرْتَ

میں تو نے کیا فیصلہ کیا۔ آیا تو نے مجھے بخش دیا

لِيْ فَوَا سَوْاَتَاهُ فَمِنَ الْاٰنَ سَيِّدِيْ فَاغْفِرْلِيْ

تو اگر میرے گناہ بخش دیئے تو نے تو خوشا حال میرا لیکن اگر تو نے انکو نہیں بخشا تو

وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ وَلَا تَخْذُلْنِيْ وَاَقِلْنِيْ

ہائے میری بدبختی خیر اسوقت اے میرے آقا بخش دے میرے گناہ کو اور رحم کر مجھ پر اور قبول کر میری توبہ کو

عَثْرَتِيْ وَاسْتُرْنِيْ بِسِتْرِكَ وَاعْفُ عَنِّيْ

اور میری مدد ترک نہ کر اور مجھے میری لغزشوں سے بچالے اور اپنی پردہ پوشی سے میرے عیوب چھپالے

بِعَفْوِكَ وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ بِقُدْرَتِكَ اِنَّكَ

اور اپنی صفتِ عفو تقصیر سے میرے گناہ کو معاف کر اور اپنی قدرت سے میری خطاؤں سے درگزر کر

تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاَنْتَ عَلٰى

اور حکم دیتا ہے (یقیناً تو ہی فیصلے کرتا ہے) اور کوئی تجھ پر کسی قسم کا کوئی حکم نہیں لگا سکتا

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

گیارھویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۰

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَاْنِفُ الْعَمَلَ وَاَرْجُو الْعَفْوَ

بارِ الہا! میں عملِ خیر کیطرف دوبارہ متوجہ ہوتا ہوں اور (تقصیر کیلئے) عذرخواہ ہوں

وَهٰذِهٖ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ لَيَالِي الثَّلٰثِيْنَ

اور یہ رات رمضان کی بقیہ دو تہائی راتوں میں کی پہلی رات ہے ۔ اس میں

اَدْعُوْكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَاَسْتَجِيْرُبِكَ

میں تجھے تیرے اسماءِ حسنیٰ کے وسیلے سے دعا کرتا ہوں اور تیری نہ بجھنے والی آتش

مِنْ نَارِكَ الَّتِيْ لَا تُطْفَأُ وَاَسْئَلُكَ اَنْ

(جہنم) سے پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ

تُقَوِّيَنِيْ عَلٰى قِيَامِهٖ وَصِيَامِهٖ وَاَنْ

ماہِ صیام کے روزوں اور نمازوں کی قوت عنایت فرما ۔ اور یہ کہ

تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

مجھے بخشدے اور مجھ پر رحم فرما یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ۔

الْمِيْعَادَ اَللّٰهُمَّ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ

بارِ الٰہا! تو اپنی اس رحم کے سبب سے تمام چیزوں کو گھیرے

كُلَّ شَيْءٍ تُتِمُّ الصَّالِحَاتِ وَعَلَيْهَا

ہوئے ہے ۔ نیک امور تکمیل تک پہونچاتا ہے اور میں اسی تیری رحمت پر

اِتَّكَلْتُ وَاَنْتَ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

بھروسہ کرتا ہوں تو وہ بے نیاز ہے جس کے ۔ ۔ ۔ نہ کوئی فرزند ہے

وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۰

نہ باپ اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے (اے اللہ) ۔ ۔ ۔

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِيْ

رحمت نازل فرما محمد و آل محمد پر اور مجھے بخش دے

وَارْحَمْنِيْ وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھ سے درگذر فرما کیونکہ تو ہی بڑا توبہ کا قبول

الرَّحِيْمُ ۰

کرنیوالا رحیم ہے ۔

بارھویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَكَ الْحَمْدُ

خدایا! تو ہی بلند برتر ہے تیرے ہی لیے ایسی حمد و ستائش

Presented by www.ziaraat.com

حَمْدًا اَبْقٰی وَلَا یَفْنٰی وَاَنْتَ الْحَیُّ الْحَلِیْمُ

سزاوار ہے جو کبھی بھی فنا نہیں ہوگی بلکہ ہمیشہ باقی رہنے والی ہے اور تو ہی زندہ

اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ وَبِجَلَالِ

اور بُردبار ہے میں تجھ سے تیری بزرگ مرتبہ ذات کی نورانیت وجلالت کے سہارے

وَجْهِكَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَبِعِزَّتِكَ الَّتِیْ

سے وہ جلالت جس کا قصد نہیں کیا جا سکتا اور تیرے اس غلبہ و اقتدار

لَا تُقْهَرُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کے ذریعہ سے کہ جو مغلوب نہیں ہو سکتا سوال کرتا ہوں کہ حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ صلی اللہ

وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ

علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور میرے گناہ بخش دے اور مجھ پر رحم فرما یقیناً تو

الرّٰحِمِیْنَ

تمام رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

تیرھویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَجَبَّارَ الْاَرَضِیْنَ وَیَا مَنْ

اے آسمانوں پر تسلط اور زمینوں پر اقتدار رکھنے والے اے وہ ذات کہ جس کے

لَهٗ مَلَكُوْتُ السَّمٰوٰتِ وَمَلَكُوْتُ الْاَرَضِیْنَ

قبضہ میں آسمانوں اور زمینوں کی حکمرانی ہے تو جو گناہوں کا

وَغَفَّارَ الذُّنُوْبِ وَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ الْغَفُوْرُ

بخشنے والا اور بہت سننے والا بہت واقف بڑا بخشنے والا

الْحَلِیْمُ الرَّحِیْمُ الصَّمَدُ الْفَرْدُ الَّذِیْ لَا

بڑا بردبار رحیم بے نیاز اور تنہا ہے تو ایسا ہے کہ تیرا کوئی

شَبِیْهَ لَكَ وَلَا وَلِیَّ لَكَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْلٰی

شبیہ نہیں ہے اور نہ کسی کو حقِ ولایت و حکومت تجھ پر حاصل ہے تو ہی بلند و برتر

وَالْقَدِیْرُ الْقَادِرُ وَاَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

اور با اقتدار ہے اور قادر ہے اور تو ہی توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ حضرت محمدؐ و صلی اللہ علیہ وآلہ پر رحمت نازل فرما

تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ

اور میرے گناہ بخش دے اور مجھ پر رحم فرما یقیناً تو تمام رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ

الرّٰحِمِیْنَ

رحیم ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

چودھویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

يَا وَلِيَّ الْأَوْلِيَاۤءِ وَجَبَّارَ الْجَبَابِرَةِ وَيَا اِلٰهَ الْأَوَّلِيْنَ

اے تمام اولیا کے ولی (ناصر) و مددگار اے تمام زبردستوں سے زیادہ زبردست اور اے تمام

اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَلَمْ اَكُ شَيْئًا وَاَنْتَ اَمَرْتَنِيْ بِالطَّاعَةِ

گزشتہ لوگوں کے خدا تو نے مجھے خلق کیا حالانکہ میں کچھ بھی نہ تھا تو نے ہی مجھے اپنی اطاعت کرنے

وَاَطَعْتُ سَيِّدِيْ بِقَدْرِ جُهْدِيْ فَاِنْ كُنْتُ

کا حکم دیا تو میں نے بھی بقدر اپنی برداشت کے اے میرے آقا تیری اطاعت کی پس اگر تیری

تَوَانَيْتُ اَوْ اَخْطَاْتُ اَوْ نَسِيْتُ فَتَفَضَّلْ عَلَيَّ

اطاعت میں میری طرف سے کچھ سستی یا بھول چوک ہو گئی تو اے میرے آقا تو مجھ پر اپنا

سَيِّدِيْ وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِيْ فَامْنُنْ عَلَيَّ بِالرَّحْمَةِ

فضل کر اور میری ان امیدوں کو جو تجھ سے وابستہ ہیں قطع نہ کر اور مجھ پر اپنی رحمت

وَاجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

سے احسان کر اور مجھ کو اور نبی رحمت حضرت محمدؐ بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاغْفِرْ لِيْ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

کو یکجا کر دے (مجھے جنت میں جو منزل رسول ہے پہنچا دے) اور میرے گناہ کو بخش دے یقیناً تو گناہوں کا معاف کرنے والا رحیم

پندرھویں شب کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَلْحَنَّانُ اَنْتَ سَيِّدِي الْمَنَّانُ اَنْتَ مَوْلَايَ

اے میرے آقا تو ہی حقیقی مہربان ہے اے میرے مولا تو ہی احسان کرنیوالا ہے اے میرے آقا

الْكَرِيْمُ اَنْتَ سَيِّدِي الْغَفُوْرُ اَنْتَ

تو ہی کریم ہے اے مولا تو ہی بخشنے والا ہے اے میرے آقا

مَوْلَايَ الْحَلِيْمُ اَنْتَ سَيِّدِي الْوَهَّابُ

تو ہی بردبار ہے اے میرے سردار تو ہی بہت عطا کرنیوالا ہے

اَنْتَ مَوْلَايَ الْعَزِيْزُ اَنْتَ سَيِّدِي الْقَرِيْبُ

اے میرے مولا تو ہی عزت والا ہے اے میرے آقا تو ہی نزدیک ہے

اَنْتَ مَوْلَايَ الْوَاحِدُ اَنْتَ سَيِّدِي الْقَاهِرُ

اے میرے مولا بس تو ہی یکتا ہے اے میرے آقا تو ہی غالب ہے

اَنْتَ مَوْلَايَ الصَّمَدُ اَنْتَ سَيِّدِي الْعَزِيْزُ

اے میرے مولا تو ہی بے نیاز ہے اے میرے آقا تو ہی زبردست ہے

اَنْتَ مَوْلَايَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَاغْفِرْ لِيْ

اے میرے مولا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھ سے درگزر فرما

Presented by www.ziaraat.com

وَارْحَمْنِیْ وَتَجَاوَزْ عَنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَجَلُّ

اور مجھ پر رحم فرما۔ اور تو میرے گناہوں سے درگزر فرما بیشک تو ہی سب سے بزرگ

اَلْاَعْظَمُ

عظیم ہے۔

سولھویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

اے اللہ! (اس اسم جلالہ کی تکرار ۸ مرتبہ ہے)

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ

اے مہربان (فیض رساں)

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ

(۸ مرتبہ پڑھیں)

یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ

اے رحم کرنے والے (۸ مرتبہ پڑھیں)

یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ

اے بہت بخشنے والے (۸ مرتبہ پڑھیں)

یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا رَؤُوْفُ یَا رَؤُوْفُ

اے نرمی کرنے والے

یَا رَؤُوْفُ یَا رَؤُوْفُ یَا رَؤُوْفُ یَا رَؤُوْفُ یَا رَؤُوْفُ

(۸ مرتبہ پڑھیں)

یَا رَؤُوْفُ یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ

اے مہربانی کرنے والے

یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

(۸ مرتبہ پڑھیں)

یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ صَلِّ

اے بلند و برتر (۸ مرتبہ پڑھیں)

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِیْ اِنَّکَ

محمد و آل محمد پر رحمت نازل فرما اور مجھے بخش دے

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝

بیشک تو بڑا بخشنے والا مہربان (رحیم) ہے

سترھویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ

بارِ الٰہا! یہ رمضان کا مہینہ ہے کہ جس میں تو نے قرآن نازل فرمایا

فِیْهِ الْقُرْاٰنَ وَاَمَرْتَ بِعِمَارَةِ الْمَسَاجِدِ

اور تو نے حکم دیا اس ماہ میں مساجد بنانے (تعمیرِ مساجد) کا

فِیْهِ وَالدُّعَاءِ وَالصِّیَامِ وَالْقِیَامِ وَضَمِنْتَ

اور دعائیں مانگنے کا اور روزے رکھنے و نماز پڑھنے کا۔ اور تو نے ضمانت کی

لَنَا فِیْهِ الْاِجَابَةَ فَقَدِ اجْتَهَدْنَا وَاَنْتَ

ہے (اس ماہ میں) دعاؤں کے قبول ہونے کی۔ پس ہم نے بھی بقدرِ امکان کوشش کی اور تو نے

اَعَنْتَنَا فَاغْفِرْ لَنَا فِیْهِ وَلَا تَجْعَلْهُ اٰخِرَ

ہماری اعانت فرمائی، پس ہمیں بخش دے اس مہینہ میں اور اس رمضان کو ہماری زندگی کا

الْعَهْدِ مِنَّا وَاعْفُ عَنَّا فَاِنَّكَ رَبُّنَا وَارْحَمْنَا

آخری رمضان نہ قرار دینا اور ہماری خطاؤں کو درگزر فرما۔ پس یقیناً تو ہی ہمارا پروردگار ہے

فَاِنَّكَ سَیِّدُنَا وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ یَنْقَلِبُ

اور رحم فرما ہم پر۔ کیونکہ یقیناً تو ہی ہمارا آقا ہے اور ہمیں اُن لوگوں میں سے قرار دے کہ جو تیری

اِلٰی مَغْفِرَتِكَ وَرِضْوَانِكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ

خوشنودی اور مغفرت کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں اس لیے کہ تو یقیناً

الْاَجَلُّ الْاَعْظَمُ ۝

باعزّت اور باعظمت ہے۔

اٹھارھویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَكْرَمَنَا بِشَهْرِنَا هٰذَا وَ

حمد ہے اُسی اللہ کیلئے کہ جس نے ہمیں اس مہینہ کے باعث بزرگ کیا اور اس مہینہ

اَنْزَلَ عَلَیْنَا فِیْهِ الْقُرْاٰنَ وَعَرَّفَنَا حَقَّهٗ وَالْحَمْدُ

میں ہمارے لیے قرآن نازل فرمایا اور ہمیں اس کے (رمضان یا قرآن کے) حق سے آگاہ فرما اور حمد ہے

لِلّٰهِ عَلَی الْبَصِیْرَةِ فَبِنُوْرِ وَجْهِكَ یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ

اللہ کی، بصیرتِ دینی عنایت فرمانے پر پس تجھے اپنی ذات کی نورانیت کا واسطہ اے ہمارے خدا

اٰبَائِنَا الْاَوَّلِیْنَ اُرْزُقْنَا فِیْهِ التَّوْبَةَ وَلَا تَخْذُلْنَا وَ

اور اے ہمارے پہلے آبا و اجداد و بزرگوں کے خدا ہم کو اس مہینہ میں توبہ کی توفیق عطا فرما اور ہمیں ہمارے

لَا تُخْلِفْ ظَنَّنَا بِكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْجَلِیْلُ الْجَبَّارُ ۝

حال پر نہ چھوڑ دینا اور ہمارے اس حسنِ ظن کے جو تیرے ساتھ وابستہ ہے اسکے خلاف نہ کر یقیناً تو تو بزرگ و زبردست ہے

اُنیسویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان و رحیم ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَا ذَا الَّذِيْ كَانَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ ثُمَّ خَلَقَ

اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا   پھر اسی نے خلق فرمایا

كُلَّ شَيْءٍ ثُمَّ يَبْقٰى وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ يَا

ہر شے کو   پھر وہی باقی رہ جائے گا اور ہر شے فنا ہو جائیگی - اے

ذَا الَّذِيْ لَيْسَ فِي السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى وَلَا فِيْ

وہ (خدا) کہ جسکے علاوہ نہ تو بلند آسمانوں پر اور نہ پست زمینوں میں

الْاَرَضِيْنَ السُّفْلٰى وَلَا فَوْقَهُنَّ وَلَا بَيْنَهُنَّ

اور نہ ان کے اوپر، اور نہ اُن کے درمیان

وَلَا تَحْتَهُنَّ اِلٰهٌ يُعْبَدُ غَيْرُهٗ لَكَ الْحَمْدُ

اور نہ ان کے نیچے کوئی بھی خدا ہے کہ جس کی عبادت کی جائے تیرے ہی لیے ایسی حمد

حَمْدًا لَا يَقْدِرُ عَلٰى اِحْصَائِهٖ اِلَّا اَنْتَ ۝

وستائش ہے کہ جسکے شمار پر سوائے تیرے اور کسی کو قدرت نہیں ہے ۔

بیسویں شب کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان رحیم ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِمَّا مَضٰى مِنْ ذُنُوْبِيْ فَنَسِيْتُهَا

توبہ و استغفار کرتا ہوں اللہ سے اپنے ان گناہوں سے کہ جو گذر چکے اور میں انکو بھول گیا

وَهِيَ مُثْبَتَةٌ عَلَيَّ يُحْصِيْهَا عَلَيَّ الْكِرَامُ

حالانکہ وہ ابتک میرے نامۂ اعمال پر چڑھے (لکھے) ہوئے ہیں اور کیونکہ میرے بزرگ

الْكَاتِبُوْنَ مَا اَفْعَلُ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ

